© rasailojaraid.com

خود ہی مضبوط کرتے ہیں۔ کیا ادارۂ الاعتصام میں، گروہ اہل حدیث میں یا جماعت اہل حدیث کی مجلس عاملہ میں کوئی اکا دکا افراد بھی ایسے نہیں رہے جو اس قسم کی ذہنیت کو اپنے حلقے میں پنپنے سے روکیں اور اس طرح کی مضر مقصد تحریروں کی اشاعت کو ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھیں۔ جماعت اسلامی یا مولانا مودودی سے آپ کو اختلاف ہو تو سو بار اس کا اظہار کیجیے، لیکن یہ کیا ضرور کہ ان پر انکار حجیت حدیث کی فرد جرم ہی لگائی جائے۔ اس بے جوڑ مقالے کو درکنار رکھ کر باقی سارے مجموعے کو ہم بہت قابل قدر پاتے ہیں اور خواہشمند ہیں کہ اسے پڑھا جائے اور پھیلایا جائے۔

**دعوتی کیلنڈر** | شائع کردہ: مکتبہ تعمیر انسانیت گوجر گلی، موچی دروازہ، لاہور۔ قیمت فی عدد ۸ر

اس دعوتی کیلنڈر کی شان یہ ہے کہ اس کے اوپر کا نصف حصہ کئی کئی رنگوں میں چھپے ہوئے اسلامی کتبات یا طغراؤں پر مشتمل ہے۔ نیچے کے حصہ میں دوہرا کیلنڈر ہے، یعنی عیسوی اور ہجری تقویمیں الگ الگ دی گئی ہیں۔ وسط میں بارہ صفحات کے اندر تحریک اسلامی کی بنیادی دعوت اس کی تنظیم، اس کے طریق کار، اس کے مختلف شعبوں اور اس کے داعی کے حالات کے سلسلے میں ضروری معلومات درج کی گئی ہیں۔ مکتبہ تعمیر انسانیت نے کیلنڈروں کی دنیا میں ایک نئی راہ نکالی ہے۔

**آسمانی فیصلے، بجواب قرآنی فیصلے** | مصنفہ جناب میاں محمد حافظ نوشہروی، قیمت ایک روپیہ بارہ آنے شائع کردہ، ادارہ عروجِ اسلام، خوشاب سرگودھا۔ کتابت و طباعت سادہ۔

چوہدری غلام احمد پرویز کی کتاب قرآنی فیصلے کے جواب میں یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ اندازِ بیان کہیں کہیں الجھا ہوا اور زبان قدیم اسلوب میں ڈھلی ہوئی ہے، اس کے باوجود کتاب بعض مفید معلومات سے خالی نہیں ہے۔

یہ مؤلف کا نقشِ اول ہے، اگر جناب مؤلف اہل علم اصحابِ قلم سے مشورے لیتے رہیں، تو نقشِ ثانی، سلاست و روانی کے لحاظ سے بہتر ہو سکتا ہے، اور اسلوبِ کلام مناظرانہ ہونے کے بجائے تحقیقی رنگ اختیار کر سکتا ہے۔

© rasailojaraid.com